اگر آپ نے کوشش کی اور ناکام رہے خواہ امتحان ہو یا نوکری اور پھر اس ناکامی کو خود پر حاوی کرلیا کہ اب جتنی چاہے کوشش کرلیں کامیاب نہیں ہوں گے۔ کیونکہ جیسی سوچ ویسا نتیجہ، اگر غلطی دہرائیں گے تو نتیجہ کبھی نہیں بدلے گا اس لئے خود کو سمجھائیں کہ ناکامی ایک ایسا سبق ہے، جو کامیابی کی طرف پہلا قدم ہے۔ زندگی میں آگے بڑھنے کی لگن اس وقت تک بنائے رکھیں جب تک کامیابی خود آپ کو گلے نہ لگائے۔

5۔ غلطیاں نہ دہرائیں:

جب آپ کو اندازہ ہوگیا ہے کہ کسی کام میں آپ کو دلچسپی نہیں ہے، تو ایسے کام کے لیئے اپنی توانائی ضائع نہ کریں۔ مثلاً بہت سے لوگ بہترین مصور ہوتے ہیں، لیکن کسی نہ کسی دباؤ کے پیش نظر ڈاکٹر بننا چاہتے ہیں۔ لیکن بار بار کوشش کے باوجود وہ امتحان میں کامیابی حاصل نہیں کرپاتے۔ وجہ یہی ہے کہ وہ اپنی غلطیوں سے سبق نہیں سیکھتے اور غلطیوں پہ غلطی دہراتے ہیں۔ ایسے نوجوانوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی روش بدلیں۔ اپنی صلاحیتوں کا تجزیہ کریں اور اس کے مطابق ہی تعلیمی حوالے سے یا پیشہ ورانہ اعتبار سے کسی شعبے کا انتخاب کریں۔

شیخ محمود احمد

آزادیٔ فکر

جدیدیت کا تصور درست یا غلط

آزادی فکر سننے میں تو یہ لفظ بہت بھلا لگتا ہے لیکن کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ اسکا مطلب اصل میں کیا ہے۔بیسویں صدی میں اشتراکیت کا بلند و بانگ نعرہ لگا کر انسانیت کی وہ درگت بنائی گئی ہے جس نے معاشرے کا سکون درہم برہم کر دیا۔ جو لوگ مادی نفع اور نفسانی لذتوں کو ہی سب کچھ سمجھتے ہیں کبھی انکی زندگی میں جھانک کر دیکھئے۔ آخر کیوں راحت اور وسائل کے تمام اسباب ملکر بھی انھیں سکون قلب سے محروم رکھتے ہیں۔ آخر کیوں یہ اضطراب اور کسک کی کیفیت انھیں تیزی سے اسلام سے متعارف کرا رہی ہے۔اسلیئے کہ انکی اکثریت اپنے نظام سے خائف ہو چکی ہے وہ اسکے بدترین نتائج سے آگاہ ہو چکے ہیں اور جب بھی کوئی شخص نفس اور مادہ کے گرداب سے نکلنے کے بعد خالق حقیقی سے رشتہ استوار کرتا ہے تب اسے اندازہ ہوتا ہے کہ اسکی زندگی میں وہ کمی کونسی تھی جس نے اس کے لیئے آرام وراحت کے تمام وسائل کو بے کیف اور بے اثر بنا دیا تھا ترقی پسند مغربی ممالک ہمارے سامنے ایک پیکر عبرت کے طور پر موجود ہیں۔ جنھوں نے آزادیٔ فکر کے نام پر انسان کو کفر والحاد کی گود میں ڈال دیا ہے۔ آزادیٔ فکر سے مراد انکے نزدیک یہی ہے کہ انسان اپنے معبود حقیقی سے منہ موڑ لے پر انکے اندر اس فکر کو پروان چڑھانے کے اصل ذمے دار انکے مذہبی کلیسا تھے۔ جنھوں نے عیسائیت کا ایک گمراہ کن تصور اپنے معاشرے کے سامنے پیش کیا انہوں نے جھوٹ توہمات خرافات کو مذہب کا حصہ بنا لیا اور واضح سائنسی حقائق کو جھٹلایا۔ اسکا نتیجہ یہ نکلا کہ آزاد خیال یورپی مفکرین نے خدا پر فطری ایمان کی راہ ترک کر کے صرف سائنس اور اسکے فرمودات کو ہی اصل قرار دے دیا اور انکا معاشرہ تیزی سے اخلاقی وجنسی گراوٹ کا شکار ہوتا چلا گیا۔ آزادیٔ فکر کے ان داعیوں کو آزادیٔ فکر سے کوئی مطلب نہیں بلکہ انکا مقصد صرف اسکی آڑ لے کر پوری دنیا کو اخلاقی انتشار اور جنسی انارکی کا روگ لگانا ہے وہ اس نعرہ کو اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیئے استعمال کر رہے ہیں یہ لوگ اسلام کے اسلیئے خلاف نہیں کہ وہ انکے اس نام نہاد آزادی کی حمایت نہیں کرتا بلکہ انکی اصل دشمنی کی وجہ یہی ہے کہ اسلام بنی نوع انسان کو انکی ذہنی وفکری غلامی سے نجات دلا سکتا ہے۔ اسلام میں نہ تو اسطرح کا کوئی نظام ہے نہ ہونے کی گنجائش ہے وہ ایک مکمل ضابطۂ حیات ایک خدا کے تصور کے ساتھ پیش کرتا ہے۔

اسلام مذہبی اجارہ داری کی اجازت نہیں دیتا اسکی نظر میں سب برابر ہیں۔ بے شک کسی معاشرے میں معاشرتی قوانین اور اصولوں کے ماہرین کی موجودگی اشد ضروری ہے پر انکی حیثیت ایک مشیر کی طرح ہوتی ہے انکا کام ہوتا ہے کہ وہ افراد کے دینی فہم اور نظریات کو تنقید کی کسوٹی پر پرکھے اور ان میں جو خامی پائے اسے مذہبی اور عقلی دلائل کی روشنی میں واضح کرے۔ اسکی درست رہنمائی کرے دوسری طرف عام افراد کو بھی پورا حق حاصل ہے کہ وہ صحیح جگہ نقطۂ اعتراض اٹھا سکتے ہیں۔ اسلام پر کسی خاص طبقے یا فرد کی اجارہ داری نہیں ہیں ان لوگوں کو اتھارٹی کا درجہ حاصل ہے جو دین کا گہرا علم رکھتے ہوں پر انھیں بھی اجازت نہیں کہ وہ اس میں اپنی ذاتی آراء یا پسند ناپسند شامل کریں۔ اسلامی نظام کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ علمائے کرام کو اقتدار حاصل ہو اسلامی نظام کا مقصد شریعت اسلامی کا نفاذ ہے وہ ڈاکٹر انجیئر ماہرین معاشیات کو روزمرہ کے امور انجام دینے سے نہیں روکتا بلکہ انکے معاشی سرگرمیوں کے بنیادی خطوط اسلامی نظام معیشت کی روشنی میں مرتب کرتا ہے تاریخ شاہد ہے کہ اسلامی عقائد کبھی سائنسی نظریات سے متصادم نہیں رہے۔

اسلام کے بنیادی عقیدے خدائے واحد کے تصور کو سائنس کبھی نہیں جھٹلا سکتی۔ اسلام بار بار آسمان و زمین سے لے کر پوری کائنات تک کے مطالعے اور مشاہدے کی دعوت دیتا ہے تا کہ انسان اس پر غور وفکر کرے خود کو پہچانے اپنے خالق کی بندگی کا کھلے دل سے اعتراف کرے آج تک کی جانے والی جتنی بھی سائنسی ریسرچ ہوئیں وہ اس بات کو ثابت کرتیں ہیں یہی وجہ ہے کہ بہت سے مغربی سائنسدان بھی اسلام اور قرآن کے متعارف ہو گئے۔

CamScanner

آزادیء فکر کے مبلغین اپنے سابق نوآبادیاتی آقاؤں کی اندھی تقلید کرتے ہیں وہ دین پر غیر صحت مندانہ تنقید کو جائز قرار دیتے ہیں۔وہ چاہتے ہیں کہ مسلم امہ بھی انکی اندھی تقلید کرے اور مرتد ہو جائے جبکہ اسلام میں نہ تو چرچ وکلیسا جیسا۔استبداد ہے نا کسی قسم کی توہمات اور خرافات کی گنجائش ہے وہ تو خود ہر انسان کو اسکے بنیادی حقوق اور ضروری آزادی دینے کی بات کرتا ہے اگر بات انکے مذہبی معاشرے کی ہو تو ایک لحاظ سے وہ حق بجانب ہیں مگر ہمارے یہاں اس کا کیا مطلب نکلتا ہے مغرب کی اندھی تقلید اور ضروری مذہبی معلومات کا فقدان ہمارے یہاں جس بگاڑ کی طرف اشارہ کر رہا ہے وہ قطعی طور پر اسلامی تعلیمات کا نتیجہ نہیں۔آزادیءفکر اور جدیدیت کے حامی اسلامی نظام کو آمرانہ نظام قرار دیتے ہیں۔جس میں ریاست وسیع اختیارات کی مالک اور عوام محکوم ہوتی ہے لوگ مذہبی جنون میں خود کو جابرانہ اور ظالمانہ قوانین کے حوالے کر دیتے ہیں۔عوام کی حیثیت نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے انہیں اپنی سمجھ کے مطابق رائے دینے یا فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں ہوتا انکی آزادی ہمیشہ کے لیئے چھین لی جاتی ہے نہ تو آواز اٹھا سکتے ہیں اور نہ ہی اسکا حوصلہ لا پاتے ہیں سخت سے سخت ترین سزاؤں کا تصور بھی اس الزام کا حصہ ہے کیا سچ میں درحقیقت ایسا ہی ہے اگر ایسا ہے تو عالمی سطح پر اسلام کو سب پسندیدہ مذہب اور رسول عربی حضرت محمد ﷺ کو سب سے بہترین شخصیت کیوں قرار دیا گیا۔کیا قرآن ان تمام بے سروپا الزامات کا جواب نہیں دیتا کیا تاریخ اسلامی دور حکومت کو تاریک دکھاتی ہے کیا ان سب الزامات میں سچائی ہے کیا آزادیءفکر کے حامی ممالک میں خود مذہبی اقلیتوں کے ساتھ امتیازانہ اور ظالمانہ سلوک روا نہیں رکھا گیا۔کیا ظلم وستم صرف مذہب کے نام پر ہی روا رکھا جاتا ہے۔اگر ایسا ہے تو شاید ہٹلر کی آمریت کی بنیاد بھی مذہبی ہی ہوگی؟ کیا اسٹالن کی حکومت کسی پولیس اسٹیٹ سے کم تھی کیا ظالم اور جابر ڈکٹیٹر اسٹالن کی حکومت مذہبی بل بوتے پر قائم کی گئی؟

چین کا جنرل چیانگ کائی شیک جنوبی افریقہ کا ڈاکٹر علان، ماوزرے تنگ، فرنکوں، چنگیز خان کیا یہ سب مذہبی آمر تھے؟ آج کا انسان قدیم مذہبی اجارہ داری اور استبداد سے تو آزاد ہو چکا ہے پر ذہنی طور وہ اب بھی آمریت اور جبر کی مختلف صورتوں کا غلام ہے اس نے اپنے آزادی کے اس نئے قانون کو وہی جگہ دے دی جو کبھی مذہبی اجارہ داری کو حاصل تھی آزادی اور حقوق کا پرچار کرنے والے کھلے عام اسکی خلاف ورزی کرتے نظر آتے ہیں۔اپنے اپنے حقوق کی بات سب کرتے ہیں پر دوسرے کے حقوق غصب کرنے کے لئے تیار نظر آتے ہیں۔خوبصورت لیبل کی آڑ میں انسانیت کو جسطرح پامال کیا جارہا ہے اسے آپ اور ہم آزادیءفکر کا نام کیسے دے سکتے ہیں؟ کیا آزادی یہی ہے کہ ہر ناجائز عمل کی چھوٹ دے دی جائے؟ ہر غریب اور کمزور کا معاشی مذہبی سماجی ثقافتی بنیادوں پر استحصال کیا جائے؟ جہاں چند ممالک بااثر ہوں اور باقی پسماندہ ممالک کو تیسری دنیا قرار دے کر انکی ملکی و شخصی آزادی پر ضرب لگائی جائے؟ جب اپنا مفاد ہو وہاں اپنی فوجیں لے کر چڑھائی کر دی جائے؟ اگر آپ ایک ہوشمند انسان ہیں تو کبھی جمہوریت کے پردے پر لپٹی ہوئی اس آمریت کی حمایت نہیں کریں گے اگر پاکیزہ اصولوں اور دینی حقائق کو مسخ کر کے اپنے ذاتی اغراض ومقاصد کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے تو قصور مذہب کا نہیں ان گمراہ انسانوں کا ہے جو انہیں اپنے مذموم مقاصد پر پردہ ڈالنے کے لیئے استعمال کرتے ہیں۔اسلام تو خود حاکم اور محکوم کو ایک ہی صف میں کھڑا کرتا ہے۔حقیقی آزادی ترک دین نہیں بلکہ ایک ایسے نقلابی جذبے کی بیداری ہے جو ظلم وجبر کے خلاف معاشرے اور ریاست کی اصلاح کا فریضہ سرانجام دے یہی ہماری امت مسلمہ کا وصف ہے اور یہی ہماری آزادیءفکر سوچیئے اور خود سوچنے کی عادت ڈالیئے۔پھر ذہنوں پر چھایا اندھیرا خود بخود ہٹتا چلا جائے گا اور پھر افق پر آزادی کا ایک نیا سورج طلوع ہوگا جسکی سنہری روشنی میں ہر چیز صاف ستھری نظر آئے گی اور ہاں وٹامن ڈی بھی ملے گا بہت کام کی چیز ہے یہ اندرونی اسٹرکچر بھی مضبوط کرتی ہے۔

ایمن انتخاب، علینہ شکیل

Facebook ID: Jamiat_hakimaan_delhi_welfar_org@yahoo.com

کون کس شخصیت کا حامل ہے

''واہ!اس کی کیا شخصیت ہے۔میں اس کی شخصیت سے بہت متاثر ہوں''

یہ جملے ہم اکثر لوگوں سے سنتے رہتے ہیں اور بعض لوگ کسی انسان کی شخصیت سے اس قدر متاثر ہوتے ہیں کہ وہ انہیں اپنی پسندیدہ شخصیت تصور کرتے ہیں اور ان جیسے بننے کی کوشش کرتے ہیں۔لیکن ہر انسان کی اپنی شخصیت ہوتی ہے کیونکہ شخصیت جس کو ہم انگریزی زبان میں "PERSONALITY" کہتے ہیں وہ دراصل جینیاتی، ماحولیاتی اور معاشرتی اثرات کا مجموعہ ہوتی ہے۔

کسی بھی انسان کی شخصیت ۱۸ سال کی عمر تک بن جاتی ہے اس کے بعد اس کی شخصیت میں تھوڑی بہت تبدیلی وقت کے ساتھ آتی ہے۔

کھول کر آنکھ میرے آئینہ گفتار میں

آنے والے دور کی دھندلی سے ایک تصویر دیکھ

یہی وجہ ہے کہ وہ بچے جو بچپن میں کسی قسم کے نفسیاتی یا ذہنی دباؤ کا شکار ہوتے ہیں تو ان کے شخصیت بکھر جاتی ہے اور بڑے ہو کر وہ غلط راہ پر چل نکلتے ہیں اور ان کی شخصیت کے اثرات نہ صرف ان کے گھر والوں کو بھگتنے پڑتے ہیں بلکہ معاشرے پر بھی ان کے گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔جیسے کہ ماں باپ کی Seperation بچوں کی شخصیات پر گہرے اثرات ڈالتی ہے۔یہ بچے بڑے ہو کر احساس کمتری کا شکار ہوتے ہیں کیونکہ وہ معاشرہ میں رہتے ہوئے جو کچھ دیکھ رہے ہوتے ہیں وہ ان کی زندگی سے منفرد ہوتا ہے۔ماں کے ساتھ رہنے والے باپ کی شفقت کی محروم ہو جاتے ہیں اور باپ کے ساتھ رہنے والے بچے ماں کی محبت کے ترسے ہوتے ہیں وہ ہر چیز کو جبراً اور زبردستی چھیننے کے عادی ہوتے ہیں۔

جیسے کہ ہم آئے دن اخبارات میں پڑھتے رہتے ہیں کہ بیٹے نے باپ کو قتل کر دیا اور کہیں لکھا ہوتا ہے کہ ماں نے اپنے بچوں کے ساتھ خودکشی کر لی اور کہیں لکھا ہوتا ہے کہ شوہر نے اپنی بیوی کو قتل کر دیا۔

ایسے لوگ "PERSONALITY DISORDER" کا شکار ہوتے ہیں اور ایسے "PERSONALITY DISORDER" کے شکار لوگ آپ کو ہر معاشرہ میں نظر آئیں گے چاہے وہ مشرقی ہو یا مغربی۔

میڈیکل سائنس میں شخصیات کی کیٹیگریز:

INTRODUCTION OF PERSONALITY DISORDER:

تعارف:

"PERSONALITY DISORDER" ایک طرح کا دماغ مسئلہ ہے جس میں انسان کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت اور اس کا طرزِ عمل تبدیل ہو جاتا ہے شخصیت انسان کی جوانی کی عمر تک بن چکی ہوتی ہے اس لیئے اس مسئلے کے پہلو عام طور پر جوانی کی عمر میں ظاہر ہوتے ہیں جس کی وجہ سے انہیں ذاتی اور ازدواجی زندگی میں مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ان لوگوں میں غصے کو قابو کرنے میں اپنی خوشی کا اظہار کرنے میں اور غم کو برداشت کرنے کا حوصلہ نہیں ہوتا۔

میڈیکل سائنس (Medical Science) میں شخصیت (Personality) کے تین پہلو (Clusters) ہیں۔

1) Cluster A

2) Cluster B

3) Cluster C

CamScanner

کلسٹر اے (CLUSTER A):

یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جن کے خیالات عام لوگوں سے مختلف ہوتے ہیں۔ خیالات کے لحاظ سے ان لوگوں کی تین اقسام ہوتی ہے۔

۱۔ شکی مزاج لوگ (Paranoid Personality Disorder):

یہ لوگ شکی مزاج ہوتے ہیں یہ لوگوں کی حرکتوں پر شک کرتے ہیں۔ یہ لوگ انفرادیت پسند ہوتے ہیں اور دوسروں پر یقین نہیں کرتے اور اپنی باتیں دوسروں سے چھپاتے ہیں۔ یہ لوگ غصے کے بہت تیز ہوتے ہیں۔

۲۔ تنہا پسند لوگ (Schizoid Personality Disorder):

یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو ہر کام کر گزرتے ہیں انہیں معاشرہ کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی یہ لوگ تنہائی پسند ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کو اس بات کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی کہ لوگ انہیں اچھا کہیں یا بُرا کہیں۔ ان لوگوں پر کسی بات کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ان لوگوں کے لیئے رشتہ توڑنا یا جوڑنا بالکل معنی نہیں رکھتا اور ایسے لوگوں کی عام طور پر Seperation ہوتی ہے۔

۳۔ Schizotypical Personality Disorder:

یہ وہ لوگ ہیں جو تھوڑے سنکی، کھنچے رہتے ہیں یا یوں کہہ سکتے ہیں کہ یہ لوگ بیگانہ رویہ مخصوص انداز اپناتے ہیں۔ یہ لوگ انوکھے واقعات کو بہت اہمیت دیتے ہیں اور ہر چیز کو اپنے سے وابستہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور ان لوگوں کا بات کرنے کا طریقہ مختلف ہوتا ہے یہ لوگ اپنے خیالات میں مگن رہتے ہیں۔ یہ لوگ نفسیاتی مرض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

کلسٹر بی (CLUSTER B):

یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جن کے مزاج میں یکسانیت نہیں ہوتی۔ ان کے مزاج بہت جلدی تبدیل ہوتے ہیں۔ ان کی چار اقسام ہیں۔

۱۔ Histrionic Type Personality Disorder:

یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اچھا لباس پہنے کا شوق ہوتا ہے اور لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے ان کی تعریف کرتے ہیں تاکہ لوگ ان کی تعریف کریں۔ یہ لوگ شوخیلے مزاج ہوتے ہیں اور بہت بولتے ہیں یہ لوگ بہت بڑے "ڈرامے باز" ہوتے ہیں۔

۲۔ Borderline Personality Disorder:

یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو مشکلات میں گھبرا جاتے ہیں اور ان کا مزاج دن میں ایک جیسا نہیں رہتا اور تیزی سے تبدیل ہوتا ہے ان کو تھوڑا سا بھی کوئی کچھ کہے تو ان کو برا لگ جاتا ہے۔ یہ لوگ لوگوں کو توجہ حاصل کرنے کے لیئے خودکشی کرنے کی بھی کوشش کرتے ہیں تاکہ لوگ ان کو معصوم سمجھیں۔ ان لوگوں کو شناخت کرنے میں بھی مسئلے ہوتے ہیں۔

۳۔ Antisocial Personality Disorder:

یہ لوگ جرم کرنے میں بالکل نہیں ڈرتے، کسی کو ماردیں، تو ان پر کوئی اثر نہیں یہ لوگ قوانین کا بالکل خیال نہیں رکھتے یہ لوگ بچپن ہی سے جانوروں کو مارتے ہیں۔ یہ لوگ دھوکہ باز بھی ہوتے ہیں یہی لوگ معاشرے میں قتل و غارت گری کا سبب بنتے ہیں۔ یہی لوگ جرم کرتے ہیں اور نشے کی عادت میں جلد مائل ہو جاتے ہیں۔

۴۔ Nar Personality Disorder:

یہ لوگ بہت اونچی اونچی باتیں سوچتے ہیں، اور اپنے آپ کو اچھا سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ خوشامدی ہوتے ہیں اور اپنی تعریف پر بہت خوش ہوتے ہیں۔ ان کے سامنے کسی کی بھی تعریف کی جائے تو وہ غصے میں آجاتے ہیں اور ان سے حسد کرنے لگتے ہیں۔ یہ لوگ بہت انا پرست ہوتے

CamScanner

آزادیٔ فکر

جدیدیت کا تصور درست یا غلط

آزادی فکر سننے میں تو یہ لفظ بہت بھلا لگتا ہے لیکن کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ اسکا مطلب اصل میں کیا ہے بیسویں صدی میں اشتراکیت کا بلند و بانگ نعرہ لگا کر انسانیت کی وہ درگت بنائی گئی ہے جس نے معاشرے کا سکون درہم برہم کر دیا۔ جو لوگ مادی نفع اور نفسانی لذتوں کو ہی سب کچھ سمجھتے ہیں کبھی انکی زندگی میں جھانک کر دیکھئے۔ آخر کیوں راحت اور وسائل کے تمام اسباب ملکر بھی انھیں سکون قلب سے محروم رکھتے ہیں۔ آخر کیوں یہ اضطراب اور کسک کی کیفیت انھیں تیزی سے اسلام سے متعارف کرا رہی ہے۔ اسلیئے کہ انکی اکثریت اپنے نظام سے خائف ہو چکی ہے وہ اسکے بدترین نتائج سے آگاہ ہو چکے ہیں اور جب بھی کوئی شخص نفس اور مادہ ے گرداب سے نکلنے کے بعد خالق حقیقی سے رشتہ استوار کرتا ہے تب اسے اندازہ ہوتا ہے کہ اسکی زندگی میں وہ کمی کونسی تھی جس نے اس کے لیئے آرام و راحت کے تمام وسائل کو بے کیف اور بے اثر بنا دیا تھا ترقی پسند مغربی ممالک ہمارے سامنے ایک پیکر عبرت کے طور پر موجود ہیں۔ جنھوں نے آزادیٔ فکر کے نام پر انسان کو کفر والحاد کی گود میں ڈال دیا ہے۔ آزادیٔ فکر سے مراد انکے نزدیک یہی ہے کہ انسان اپنے معبود حقیقی سے منہ موڑ لے پر انکے اندر اس فکر کو پروان چڑھانے کے اصل ذمے دار انکے مذہبی کلیسا تھے۔ جنھوں نے عیسائیت کا ایک گمراہ کن تصور اپنے معاشرے کے سامنے پیش کیا انہوں نے جھوٹ تو ہمات خرافات کو مذہب کا حصہ بنا لیا اور واضح سائنسی حقائق کو جھٹلایا۔ اسکا نتیجہ یہ نکلا کہ آزاد خیال یورپی مفکرین نے خدا پر فطری ایمان کی راہ ترک کر کے صرف سائنس اور اسکے فرمودات کو ہی اصل قرار دے دیا اور انکا معاشرہ تیزی سے اخلاقی و جنسی گراوٹ کا شکار ہوتا چلا گیا۔ آزادیٔ فکر کے ان داعیوں کو آزادیٔ فکر سے کوئی مطلب نہیں بلکہ انکا مقصد صرف اسکی آڑ لے کر پوری دنیا کو اخلاقی انتشار اور جنسی انارکی کا روگ لگانا ہے وہ اس نعرہ کو اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیئے استعمال کر رہے ہیں یہ لوگ اسلام کے اسلیئے خلاف نہیں کہ وہ انکے اس نام نہاد آزادی کی حمایت نہیں کرتا بلکہ انکی اصل دشمنی کی وجہ یہی ہے کہ اسلام بنی نوع انسان کو انکی ذہنی وفکری غلامی سے نجات دلا سکتا ہے۔ اسلام میں نہ تو اسطرح کا کوئی نظام ہے نہ ہونے کی گنجائش ہے وہ ایک مکمل ضابطۂ حیات ایک خدا کے تصور کے ساتھ پیش کرتا ہے۔

اسلام مذہبی اجارہ داری کی اجازت نہیں دیتا اسکی نظر میں سب برابر ہیں۔ بے شک کسی معاشرے میں معاشرتی قوانین اور اصولوں کے ماہرین کی موجودگی اشد ضروری ہے پر انکی حیثیت ایک مشیر کی طرح ہوتی ہے انکا کام ہوتا ہے کہ وہ افراد کے دینی فہم اور نظریات کو تنقید کی کسوٹی پر پرکھے اور ان میں جو خامی پائے اسے مذہبی اور عقلی دلائل کی روشنی میں واضح کرے۔ اسکی درست رہنمائی کرے دوسری طرف عام افراد کو بھی پورا حق حاصل ہے کہ وہ صحیح جگہ نقطۂ اعتراض اٹھا سکتے ہیں۔ اسلام پر کسی خاص طبقے یا فرد کی اجارہ داری نہیں ہیں ان لوگوں کو اتھارٹی کا درجہ حاصل ہے جو دین کا گہرا علم رکھتے ہوں پر انھیں بھی اجازت نہیں کہ وہ اس میں اپنی ذاتی آراء یا پسند ناپسند شامل کریں۔ اسلامی نظام کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ علمائے کرام کو اقتدار حاصل ہو اسلامی نظام کا مقصد شریعت اسلامی کا نفاذ ہے وہ ڈاکٹر انجینئر ماہرین معاشیات کو روزمرہ کے امور انجام دینے سے نہیں روکتا بلکہ انکے معاشی سرگرمیوں کے بنیادی خطوط اسلامی نظام معیشت کی روشنی میں مرتب کرتا ہے تاریخ شاہد ہے کہ اسلامی عقائد بھی سائنسی نظریات سے متصادم نہیں رہے۔

اسلام کے بنیادی عقیدے خدائے واحد کے تصور کو سائنس کبھی نہیں جھٹلا سکتی۔ اسلام بار بار آسمان و زمین سے لے کر پوری کائنات تک کے مطالعے اور مشاہدے کی دعوت دیتا ہے تاکہ انسان اس پر غور و فکر کرے خود کو پہچانے اپنے خالق کی بندگی کا کھلے دل سے اعتراف کرے آج تک کی جانے والی جتنی بھی سائنسی ریسرچ ہوئیں وہ اس بات کو ثابت کرتیں ہیں یہی وجہ ہے کہ بہت سے مغربی سائنسدان بھی اسلام اور قرآن کے متعارف ہو گئے۔

CamScanner

جنوں کا وجود اور مشاہدہ

اس پندھرویں صدی میں جبکہ انسان چاند کا سفر کر چکا ہے اور مریخ پر کمند ڈال رہا ہے۔ عقل و دانش سے بڑے بڑے مسائل سلجھا رہا ہے وہاں دورِ جدید کے ارباب وحل وعقد میں ایک گروہ ایسا بھی ہے جو کہ جنوں کے وجود کو تسلیم نہیں کرتا حالانکہ قرآن حکیم میں ارشاد ہوتا ہے جن اور انسان دو مختلف قومیں ہیں فرمایا کہ وما خلقت الجن و انس الا یعبدون (ہم جنوں اور انسانوں کو عبادت کے لئے پیدا کیا ہے) قرآن مقدس یہ بھی فرماتا ہے کہ انسان کو مٹی سے بنایا گیا اور جن کو آگ سے خلق الانسان من صلصال کالفخار و خلق الجانّ من مارج من نار (الرحمٰن) (اللہ تعالیٰ نے انسان کو پڑی کی طرح جمی ہوئی مٹی سے پیدا کیا اور بنایا جنوں کو آگ کی لپیٹ سے) اور پھر اللہ کی کتاب میں شہادت ہے اس بات کی کہ جن انسانوں سے پہلے پیدا کیئے گئے۔

ولقد حلقنا الانسان من صلصا من ما مسنون والجان خلقنه من قبل من نار البسموم (الحجر) (ہم نے انسان کو سیاہ سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا اور اس سے پہلے ہم نے جنوں کو لُو کی گرمی سے پیدا کیا (الحجر) قرآن حکیم فرماتا ہے اہلِ عرب نے جنوں کو خداوند عالم کا شریک ٹھہرا رکھا تھا۔ وجعلی اشر کاء الجن اور وہ ان کی عبادت کرتے تھے بل کا نو یعبدون الجن۔

امام تمیہ اپنی شہرہ آفاق کتاب النبوت میں جنات کی کیفیت و ماہیت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ جن لوگوں کے ماتحت وصخر ہو جائیں تو انہیں اپنی پیٹھ پر سوار کرا کے ہوا میں دور دور تک سیر کراتے ہیں اور مزید فرماتے ہیں ”ایسے بہت سے واقعات ہیں جو جانے بوجھے ہیں اور خود ہم نے اس سلسلے میں اتنے واقعات دیکھے ہیں کہ ان کا تذکرہ طول بیان کا باعث بھی ہوگا اور انسانوں میں گھسے ہوئے شیطانوں کو تو خود ہم نے مارا ہے یہاں تک کہ وہ انسان سے اس طرح نکل بھاگا کہ واپس نہیں آیا۔

ایمام ابن تمیہ ایک اور جگہ لکھتے ہیں عامتہ المملین اور کفار میں سے کسی نے جنوں کے وجود سے اختلاف نہیں کیا یہاں تک کے اہل کتاب کو بھی مسلمانوں کی مانند کے وجود کا اقرار ہے اس کے علاوہ جنوں اور انسانوں کے باہمی رشتے ناطے تک معرض بحث میں آئے ہیں علامہ قاضی بہاالدین مشہور تصنیف فی بیان مناکحۃ الجن کے عنوان سے ایک باب قائم کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

”اوعر یہ باب انسان اور جن کے مابین نکاح سے متعلق ہے اور یہاں گفتگو دو پہلوؤں سے ہوگی اول یہ کہ یا ایسا ممکن بھی ہے اور دوم یہ کہ اس سلسلہ میں شریعت کا کیا حکم ہے تو جہاں تک پہلی بات کا تعلق ہے ہم عرض کریں گے کہ کسی انسان کا جنیہ سے یا کسی کا اولادِ آدم میں سے کسی عورت کے ساتھ رشتہ ازدواج عین ممکن ہے اس کے بعد سلسلہ کے عدم امکان کی مختلف دلیلوں کو رد کرتے ہوئے وہ اس کی مشروعیت کا فیصلہ سناتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے جن اور انسانوں کے درمیان اس طرح کا رشتہ قائم کرنے کی ممانعت فرمائی اور تابعین میں سے ایک جماعت اسے مکروہ تصور کرتی ہے ہمارے فقیاء کے درمیان یہ بحث بھی پیدا ہوئی ہے کہ جنوں کو ان کے نیک اعمال پر ثواب اور برے اعمال پر عذاب دیا جائے گا یا نہیں اور اس بحث میں حصہ لینے والے اصحاب میں امام ابوحنیفہؒ۔ امام شافعیؒ۔ امام مالکؒ۔ امام احمد بن جنبلؒ۔ امام ابو یوسفؒ۔ امام محمدؒ۔ امام اوزاعیؒ اور ابنِ ابی لیلیٰؒ جیسے جلیل القدر اکابرین کے نام شامل ہیں۔

مندرجہ بالا قرآن وحدیث اور تاریخی حوالوں سے قارئین اندازہ کر سکتے ہیں کہ جنوں کا وجود ہے۔ (رہے اہل اخلاص و ایمان تو ان پر اُن کا غلبہ نہیں ہو سکتا (جن اور شیاطین) اس گھر سے بھاگ جاتے ہیں جہاں سورۃ البقرہ پڑھی جائے اور یہ کہ آیت الکرسی اور سورۃ البقرہ کی آخری آیتوں اور دوسرے قوارع القرآن کی تلاوت سے بھی راہِ فرار اختیار کرتے ہیں)۔

کتب حوالہ: النبوات (امام ابن تمیہ) الردعل المنطقین (امام ابن تمیہ) تخلیق آدم (مولانا کوثر نیازی) اور رب ذوالجلال ہم سب کو جنات کے اشرار سے محفوظ رکھیں اور اپنا فضل نصیب فرمائیں (آمین)۔

محمد دین حمید الدین شباب

CamScanner

زکوٰۃ مانگنے والوں سے چند گزارشات

زکوٰۃ اوراس کے متعلقات کی تفصیلات پڑھنے اور سننے میں ٹیکس کی نظر آتی ہیں لیکن شریعت کی نگاہ میں یہ ٹیکس نہیں نمازاور دیگر عبادات کی طرح کا ایک عبادتی عمل ہے جو ہر صاحب نصاب پر عملی طور پر فرض ہے اور ہر ہر مسلمان پر اس کی فرضیت پر ایمان رکھنا عقائدی طور پر فرض ہے۔اس کی فرضیت کا منکر دائرہ اسلام سے خارج ہے۔زکوٰۃ کے ادا نہ کرنے سے تمام مال غیر محفوظ بن جاتا ہے اوراداکردینے سے باقی کا مال محفوظ ہوجاتا ہے۔

زکوٰۃ کا ادا کرنا ایک عبادتی عمل ہونے کے باوجود لینے والوں کے حوالے سے اسے شریعت نے مال کا میل قرار دیا ہے۔جس کے متعلق یہاں تک کہا گیا ہے کہ مالدار کی ملکیت سے نکلنے کے بعد اس کا بقیہ مال پاک ہوجاتا ہے اور برائیوں سے محفوظ ہوجاتا ہے وہ میل نہیں تو اور کیا ہے؟ آخر کوئی تو وجہ ہے کہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنے لیئے اور اپنی آل اولاد کے لیئے اسے ناجائز اور حرام قرار دیا ہے۔اسی مناسبت سے فقہائے کرام نے یہ وضاحت فرمائی ہے کہ سید اور ہاشمی خاندان کے کسی فرد کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوگی۔

شریعت نے زکوٰۃ کو مال کا میل قرار دینے کے باوجود اس کے لینے کا مستحق بھی مسلمان ہی کو قرار دیا ہے۔غیر مسلم اس کا حقدار ہی نہیں ہے۔زکوٰۃ چونکہ نہ ہدیہ ہے نہ معاوضہ، نہ ہی بدلہ ہے، نہ ہی اسے ایسی چیز قرار دیا گیا ہے جسے مفاد عامہ کے ایسے رفاہی کاموں میں خرچ کیا جاسکے جن سے عامتہ الناس کے فقیر و غنی، سید و غیر سید، مسلم و غیر مسلم، فائدہ اٹھا سکیں۔نہ ہی یہ ایسا مال ہے کہ جس کے استعمال کی ہر کس و ناکس کو عام اجازت دی جاسکے اس میں تو غیر مشروط طور پر مالک بنا کر اس کے قبضے میں دے دینا ضروری ہے جسے لینے والا دینے والے کی نہیں اپنی مرضی سے جیسے چاہے خرچ کرسکے۔

شریعت نے جس طرح مسلمانوں میں سے زکوٰۃ دینے والوں کا تعین خود فرمایا ہے۔اسی طرح زکوٰۃ کی مقدار خود طے فرمائی ہے، زکوٰۃ واجب ہونے کی شرائط خود بتلائی ہیں، زکوٰۃ کے فرض ہونے کی مدت خود ٹھہرائی ہے اسی طرح زکوٰۃ لینے والے مسلمانوں کا انتخاب بھی خود ہی فرمایا ہے گویا کہ پورا کا پورا نظام زکوٰۃ اپنے تمام متعلقات کے ساتھ از اول تا آخر شریعت کا مقرر کردہ ہے جس میں کسی کا کوئی دخل تھا نہ ہے نہ ہوگا اور یہ نظام اپنی ان خوبیوں کے ساتھ انشاء اللہ بغیر کسی ترمیم کے اسی طرح مسلمان معاشرے میں جاری وساری رہے گا۔نہ اس کی فرضیت کا انکار ممکن ہے، نہ اس کی شرائط میں تغیر کی اجازت ہے، نہ اس کے کوئی مصارف میں تبدیلی کا امکان ہے، نہ اس کی مقدار میں تحریف واصلاح کی گنجائش ہے، نہ اس میں استثناء کی کوئی صورت ہے نہ اس میں معافی کا کوئی اختیار ہے۔مسلمان معاشرے کے وہ افراد جن کا انتخاب زکوٰۃ لینے کے لیے شریعت نے کیا ہے ان

مقصد انسانیت

زمانہ گواہ ہے، تاریخ شاہد ہے، سورج سے پوچھ لو، چاند سے پوچھ لو، ستاروں سے پوچھ لو کہ وہ ازل سے دیکھتے چلے آرہے ہیں۔ بدلتے موسم بتلاتے ہیں، بدلتے دن رات بتلاتے ہیں کہ انسان بڑے گھاٹے میں ہے۔ جو بنا ہے اسے ٹوٹنا ہے اور جو پیدا ہوا ہے اس نے مرنا ہے سوائے اس کے جنہوں نے اللہ پر یقین کرلیا اور حقائق کو تسلیم کرلیا کہ حق و باطل میں جنگ ہے۔ خیر و شر کی لڑائی ہے۔ جنگِ بدر، جنگِ حنین اور جنگِ خیبر اس بات کی گواہ ہیں کہ حق اور سچ پر ڈٹ جانے والے اور صبر شکر کرنے والے ہی کامیاب ہوتے ہیں۔ سانحہ کربلا ہمیں چیخ چیخ کہ بتاتا ہے کہ جو لوگ اپنے خدائے ذوالجلال پر ایمان لاتے، آفاقی حقائق کو تسلیم کرتے اور اصلاحی کام کرتے رہے اور حق و صداقت پر قائم رہتے ہوئے صبر کرتے رہے اور اپنے مشن پر چلتے رہے، چاہے ان کی جان ہی چلی گئی، وہ امر ہوگئے۔ یہی مقصد انسانیت ہے۔ اسی سے انسان کی قیمت ہے۔ یہی ہمیں دین اسلام سکھاتا ہے۔ سورۃ عصر کا یہی پیغام ہے۔ کیا تمہاری آنکھیں نہیں ہیں تم دیکھتے نہیں ہو۔ کیا تمھارے کان نہیں ہیں تم سنتے نہیں ہو۔ کیا تمھارا دماغ نہیں ہے تم سوچتے نہیں ہو۔ ہاں ہاں سوچتے تو وہی ہیں جو عقل سلیم رکھتے ہیں۔ جانور نہیں سوچتے۔ سوچنا تو انسان کا کام ہے۔ انسان بھی وہ جو عقل سلیم رکھتے ہوں۔ جو لوگ نہیں سوچتے، وہی گونگے بہرے، اندھے، کانے اور بیوقوف ہیں۔ بلکہ وہ تو مردہ ہیں جو کسی کام کے نہیں ہوتے۔ سوچتے تو وہ ہیں جو حقیقت تک پہنچنا چاہتے ہیں کہ سچ کیا ہے اور جھوٹ کیا ہے؟ سوچنا تو زندہ دلوں کا کام ہے۔ سوچتے تو وہ ہیں جو زندہ ہوتے ہیں اور انسان بننا اور انسان کہلانا پسند کرتے ہیں۔ کیونکہ انسان (آدم) مسجود ملائک ہیں۔

ہمیں نبیوں، رسولوں، اماموں، ولیوں نے یہی تعلیم دی ہے کہ اپنے خالق، مالک، رازق کو پہچانیں۔ اس پر ایمان لائیں، اس سے محبت کریں، آفاقی تسلیم کریں، امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور اصلاحی کام کریں اور حق و صداقت پر ڈٹے رہیں اور مشکلات پر صبر شکر سے کام لیں، چاہے اس میں ہماری جان ہی کیوں نہ چلی جائے (اور جان نے تو ایک دن جانا ہی ہے) پس ایسے لوگ امر (یعنی نہ مرنے والے) ہو جاتے ہیں اور ہمیشہ ہمیشہ کیلئے زندہ ہوجاتے ہیں اور نہیں مرتے، کیونکہ قرآن مجید کہتا ہے کہ ان لوگوں کو مردہ نہ کہو جو اللہ کی راہ میں مارے جاتے ہیں۔ بلکہ وہ شہید اور زندہ ہوتے ہیں اور اپنے رب کے ہاں رزق کھاتے ہیں۔ لیکن لوگ ان کا شعور نہیں رکھتے۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح انسان بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

ایک وہ تھے جنہیں اپنی تصویر بنانا آتی تھی
ایک ہم ہیں کہ لیا اپنی بھی صورت کو بگاڑ

لہٰذا آؤ ہم اپنی تصویر آپ بنائیں اور اس میں محنت، کوشش، خلوص، انسانیت، پیار محبت، حسن اخلاق، انصاف، عبادات اور معرفت خداوندی کے رنگ بھریں۔ اور اپنے آپ کو بہت ہی خوبصورت اور پیارا بنائیں۔ یہی تصویر آخرت میں ہماری تصویر ہوگی۔ اللہ تعالیٰ بھی خوش ہوکر ہمیں اپنا دیدار کرائیں گے جس سے ہمارا حسن اور زندگی اور بھی بڑھ جائے گی اور خدا کا دیدار وہ عظیم نعمت ہے۔ جس پر جنت اور حوریں بھی قربان ہوں گی اور فرشتے بھی سجدے کریں گے۔ انشاء اللہ کیونکہ ہم اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اسکی خلافت کے امانت دار ہوں گے۔ وما توفیقی الا باللہ۔ شکریہ۔

راحیلہ شکیل، نائلہ عرفان

کی پہچان فقہائے کرام نے قرآن وسنت سے اخذ کر کے بتلائی ہے گویا کہ فقہائے کرام کی بتلائی ہوئی تصریح ایک کسوٹی ہے جس پر زکوٰۃ لینے والے بھی اپنے آپ کو پرکھ سکتے ہیں۔

ہر مرد وعورت زکوٰۃ لینے سے پہلے اپنے آپ اپنی جانچ کر لے کہ وہ اس معیار پر پورے اتر رہے ہیں یا نہیں۔فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ جس شخص کے پاس لباس کے تین سے زائد جوڑے ہوں، روزمرہ استعمال کے برتنوں اور بستروں سے زائد برتن وبستر ہوں، ریڈیو ٹی وی وی سی آر (سامان تعیش)، جمع شدہ بچت، تھوڑا سا بھی سونا، ذرا سی بھی چاندی وغیرہ ان تمام کی مالیت قرض اگر ہو تو نکالنے کے بعد اتنی رہ جاتی ہو کہ ساڑھے باون تولہ چاندی اس سے خریدی جا سکتی ہو تو ایسا شخص زکوٰۃ نہیں لے سکتا۔عید الفطر کے دن صبح صادق کے وقت اس کے پاس مندرجہ بالا مالیت ہو تو اس پر صدقۃ الفطر لینا نہیں دینا واجب ہے نہ صرف اپنی طرف سے بلکہ اپنے زیر کفالت نابالغ اولاد وافراد کی طرف سے بھی عید الاضحیٰ کی دس، گیارہ اور بارہ تاریخوں میں اس کی ملکیت میں اتنی مالیت ہو جائے تو اس پر صرف اپنی طرف سے قربانی بھی واجب ہے۔

شریعت نے زکوٰۃ کو مال جمع کرنے کا ذریعہ بھی نہیں بنایا یہی وجہ ہے کہ فقہائے کرام نے مستحق زکوٰۃ کو زکوٰۃ کے مال سے مالدار بنادینے کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے اور زکوٰۃ لینے والے کو بھی بقدر ضرورت ہی زکوٰۃ لینے کی اجازت دی ہے۔محدث عصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ تو طلباء کرام کی ضرورت سالانہ بنیاد پر جس وقت پوری ہو جاتی تھی اس وقت سے لے کر سال کے آخر تک زکوٰۃ کی مد میں رقم نہیں لیتے تھے۔نیز زکوٰۃ کی رقم غیر زکوٰۃ کی مد استعمال ہی نہیں فرماتے تھے۔آج اپنے ملک کے عمومی حالات یہ سوچنے پر مجبور کر رہے ہیں اس میں کہیں زکوٰۃ کے دینے والوں کا پورا حساب کر کے نہ دینے، بغیر تحقیق کے غیر مستحقین کو دے دینے، لینے والوں کا مستحق کے غیر مستحقین کو دے دینے، لینے والوں کا مستحق نہ ہونے کے باوجود لے لینے، دینی مدارس کا بے احتیاطی کے ساتھ شرعی حیلے کے بغیر ہی غیر زکوٰۃ مدات میں زکوٰۃ کی رقوم کے خرچ کرنے کا دخل تو نہیں، اگر ہے تو اسے قدرتی انتقام کے علاوہ کوئی نام دیا جا سکتا ہے؟

نمرا ارشد، ماہا ارشد

CamScanner

حضرت اویس قرنی کو جنت کے دروازے پر کیوں روک لیا جائے گا

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جب لوگ جنت میں جا رہے ہوں تو اویس قرنی کو جنت کے دروازے پر روک لیا جائے گا۔ حضرت اویس قرنی کون ہیں۔ اویس نام ہے عامر کے بیٹے ہیں مراد قبلہ ہے قرن انکی شاخ ہے اور یمن انکی رہائش گاہ تھی۔

حضرت نے ماں کے حد درجہ خدمت کی۔ وہ آسمانوں تک پہنچی اویس قرنی حضور کی خدمت میں حاضر نہیں ہو سکے۔

جبرئیل آسمان سے پہنچے اور انکی بات کو حضور ﷺ نے بیان کیا چونکہ حضور ﷺ دیکھ رہے تھے کہ آئندہ آنیوالی نسلیں اپنی ماؤں کیساتھ کیسا سلوک کریں گی ایک سائل نے سوال کیا یا رسول اللہ ﷺ قیامت کب آئے گی تو آپ نے ارشاد فرمایا مجھے نہیں معلوم کب آئے گی تو سائل نے کہا کہ کوئی نشانی تو بتا دیں تو آپ نے فرمایا جب اولاد اپنی ماں کو ذلیل کرے گی تو قیامت آئے گی۔

حضور ﷺ نے حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ سے کہا کہ تمہارے دور میں ایک شخص ہوگا جس کا نام ہوگا اویس بن عامر درمیانہ قد رنگ کالا جسم پر ایک سفید داغ حضور ﷺ نے ان کا حلیہ ایسے بیان کیا جسے سامنے دیکھ رہے ہو وہ آئے گا جب وہ آئے تو تم دونوں نے اس سے دعا کرانی ہے۔

حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کو اویس قرنی کی دعا کی ضرورت نہیں تھی۔ یہ امت کو پیغام پہنچانے کے لئے ہے کہ ماں کا کیا مقام ہے حضرت عمرؓ حیران ہو گئے اور سوچنے لگے کہ حضور ﷺ کیا کہہ رہے ہیں کہ ہم اویس سے دعا کرائیں تو حضور ﷺ نے فرمایا عمر، علی اویس نے ماں کی خدمت اس طرح کی ہے جب وہ ہاتھ اٹھاتا ہے تو اللہ اس کی دعا کو خالی نہیں جانے دیتا۔

حضرت عمرؓ دس سال خلیفہ رہے دس سال حج کیا لیکن انہیں اویس نہ ملے ایک دن سارے حاجیوں کو اکٹھا کر لیا اور کہا کہ تمام حاجی کھڑے ہو جاؤ آپ کے حکم پر تمام حاجی کھڑے ہو گئے پھر کہا کہ یمن والے سارے بیٹھ جاؤ صرف مراد قبیلہ کھڑا رہے پھر کہا مراد والے سب بیٹھ جاؤ صرف قرن والے کھڑے رہو تو مراد قبیلے والے بیٹھ گئے صرف ایک آدمی بچا اور حضرت عمر نے کہا کہ تم قرنی ہو تو اس شخص نے کہا کہ ہاں میں قرنی ہوں تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ اویس کو جانتے ہوت و اس شخص نے کہا کہ ہاں جانتا ہوں میرے بھائی کا بیٹا ہے میرا سگا بھتیجا ہے اس کا دماغ ٹھیک نہیں آپ کیوں پوچھ رہے ہیں تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ مجھے تو تیرا دماغ صحیح نہیں لگ رہا آپ نے پوچھا کدھر ہے تو اس نے کہا کہ آیا ہوا ہے پوچھا کہا گیا ہے تو اس نے کہا کہ وہ عرفات گیا ہے اونٹ چرانے، آپ نے حضرت علیؓ کو ساتھ لیا اور عرفات کی دوڑ لگا دی جب وہاں پہنچے تو دیکھا کہ اویس قرنی درخت کے نیچے نماز پڑھ رہے ہیں اور اونٹ چاروں طرف چر رہے ہیں یہ آ کر بیٹھ گئے اور اویس قرنی کی نماز ختم ہونے کا انتظار کرنے لگے جب حضرت اویس نے محسوس کیا کہ دو آدمی آ گئے تو انہوں نے نماز مختصر کر دی۔ سلام پھیرا تو حضرت عمرؓ نے پوچھا کون ہو بھائی تو کہا جی میں مزدور ہوں اسے خبر نہیں کہ یہ کون ہیں تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ تیرا نام کیا ہے تو اویس قرنی نے کہکا کہ میرا نام اللہ کا بندہ تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ سارے ہی اللہ کے بندے ہیں تیری ماں نے تیرا نام کیا رکھا ہے تو حضرت اویس نے کہا کہ آپ کون ہیں میرا انٹرویو کرنے والے ان کا یہ کہنا تھا کہ حضرت علیؓ نے کہا کہ اویس یہ امیر المومنین عمر بن خطاب ہیں اور میں علی بن ابی طالب حضرت اویس کا یہ سننا تھا کہ وہ کانپنے لگے کہا کہ جی میں معافی چاہتا ہوں میں تو آپ کو پہچانتا ہی نہیں تھا میں تو پہلی دفعہ آیا ہوں تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ تو ہی اویس ہے تو انہوں نے کہا کہ ہاں میں ہی اویس ہوں حضرت عمرؓ نے کہا کہ ہاتھ اٹھا اور ہمارے لئے دعا کر وہ رونے لگے اور کہا کہ میں دعا کروں آپ لوگ سردار اور میں نوکر آپ کا میں آپ لوگوں کے لئے دعا کروں تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ ہاں اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا تھا عمر اور علی جیسی ہستیوں کے لئے حضرت اویس کے ہاتھ اٹھوائے گئے کس لئے اس کے پیچھے جہاد نہیں۔ تبلیغ نہیں، تصوف نہیں اس کے پیچھے ماں کی خدمت ہے۔

آخر میں مولانا طارق جمیل نے کہا کہ اب میں آپ لوگوں کو وہ حدیث سناتا ہوں کہ جب لوگ جنت میں جا رہے ہوں گے تو حضرت اویس قرنی بھی چلیں گے اس وقت اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کے باقیوں کو جانے دو اور اویس کو روک لو اس وقت حضرت اویس قرنی پریشان ہو جائیں گے اور کہیں گے کہ اے اللہ آپ نے مجھے دروازے پر کیوں روک لیا گیا تو مجھ سے اس وقت اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ پیچھے دیکھو جب پیچھے دیکھیں گے تو پیچھے کروڑوں اربوں کے تعداد میں جہنمی کھڑے ہوں گے تو اس وقت اللہ تعالیٰ فرمائے گے کہ اویس تیری ایک نیکی نے مجھے بہت خوش کیا ہے "ماں کی خدمت" تو انگلی کا اشارہ کر جدھر جدھر تیری انگلی پھرتی جائے گی میں تیرے طفیل ان کو جنت میں داخل کر دوں گا۔ یہ وہ ماں ہے جو کراچی کے ہر گھر میں ذلیل ہو رہی ہے۔

سعدیہ کامران، عروسہ رضوان

مسلمان سائنسدان

مسلمانوں نے اپنے عروج کے زمانے میں سائنس کی جو خدمات انجام دی ہے ان کی نظیر نوح انسانی کی تاریخ میں کہیں نہیں ملتی یہ مسلمان ہی تھے جنہوں نے سائنس کی بنیاد رکھی اور قدیم تحقیق سے روشناس کرایا۔ سائنس کا چراغ یورپ میں مسلمانوں نے جلایا اور یہ وہی چراغ ہے جسکی روشنی سے آج ساری دنیا روشن ہے۔ سائنسی تحقیق میں جن مشہور سائنسدانوں کے نام آتے ہیں اُن میں کچھ یہ ہیں۔

۱۔ جابر بن حیان

۲۔ ابو موسیٰ الخوارزمی

۳۔ زکریا الرازی

۴۔ ابو علی الحسن ابن الہشیم

۵۔ ابو ریحان البیرونی

۶۔ ابو علی سینا

۷۔ عمیر خیام

۸۔ ابن خلدون

جابر بن حیان :

جابر بن حیان کو علم کیمیا (Chemistry) کا بانی کہا جاتا ہے۔ انہوں نے اس کو اتنی ترقی دی کہ سترھویں صدی کے آخر تک وہ اس علم کے ماہر تسلیم کیئے جاتے تھے۔ جابر بن حیان نے شہرہ آفاق عالم ''حضرت امام جعفر صادق'' اور ''خالد بن یزید'' سے تعلیم حاصل کی۔ جابر بن حیان کا سب سے بڑا کارنامہ تین معدنی تیزابوں کی دریافت ہے۔

۱۔ گندھک کا تیزاب 1. Sulphuric Acid (H_2SO_4)

۲۔ نمک کا تیزاب 2. Nitric Acid (H_3NO_3)

۳۔ شعلے کا تیزاب 3. Hydrochloric Acid (HCL)

اسکے علاوہ ان کے اور کارناموں میں

۱) فولاد تیار کرنے ۲) کپڑے اور چمڑے میں رنگ چڑھانے ۳) واٹر پروف کپڑوں پر وارنش کرنے ۴) لوہے کو زنگ سے محفوظ کرنے ۵) شیشہ سازی میں سنگانیز ڈاکسائڈ کا استعمال ۶) سونے کے حرف لکھنے کے طریقے ۷) کافول اسپرٹ طبی اشیاء جو گرم کرنے سے اُڑ جاتی ہیں۔

ابو موسیٰ الخوارزمی:

الخوارزمی کو علم فلکیات (Astronomy) کا بانی کہا جاتا ہے اسکے علاوہ، ریاضی (Maths)، موسیقی (Music) اور جغرافیہ میں تحقیق کی اسکے علاوہ (Algebra) کا علم بھی متعارف کرایا۔ وہ ''الجبرا'' کے اُن موجدوں میں ہیں جنہوں نے سائنس کی اس شاخ کو بام عروج پر پہنچایا۔

Facebook ID: Jamiat_hakimaan_delhi_welfar_org@yahoo.com

CamScanner

خوارزمی کا لافانی کارنامہ صفر یعنی (0) کی ایجاد ہے۔ یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے ہندسوں میں صفر (0) کا استعمال کیا۔ جس سے وجہ سے حساب کتاب میں بڑی سہولت ہوئی اسکے علاوہ اعشاریہ نظام (Decimal System) متعارف کرایا اور اسکے علاوہ جغرافیہ میں نقشوں (Maps) بنانے کا سہرا بھی الخوارزمی کے حصہ میں آتا ہے۔

زکریاالرازی:

زکریاالرازی طب (medical) کے سائنسدان شمار ہوتے ہیں۔ ان کی تصانیف یورپ اور امریکہ کے (Medical) کالج میں آج بھی پڑھائی جاتی ہیں انہوں نے طب کے میدان میں جن بیماریوں پر تحقیق کی ان میں سب سے زیادہ (Small pox) چیچک کا علاج تھا۔ اسکے علاوہ امراض نسواں، گردے اور مثانے کی پتھری، خسرہ، خون میں قلت، بچوں کی بیماریاں۔

بچوں کی بیماریوں کی (Treatment) میں ان کو بابائے امراض اطفال "Father of Paediatric Diseases" کہا جاتا ہے۔ اسکے علاوہ Chemistry میں انہوں نے معدنیات کو تقسیم کیا ہے۔ جیسے ہیرے، موتی، جواہرات، پتھر، پیرا۔ مختلف دھاتوں کو ملا کر ایک شکل دینا یہ بھی ان کا اہم کارنامہ ہے۔

ابوعلی الحسن ابن الہیثم:

ابن الہیثم اسلام کے عظیم ترین ریاضی دان (mathematician) ماہر طبعات (Physicist) اور انہیں بابائے بصیرت (Father of Opthalmology) لا لقب دیا گیا ہے۔ ان کے کارناموں میں۔

۱) روشنی کا علم کے روشنی ہمیشہ خط مستقیم (سیدھا راستہ) پر سفر کرتی ہے اور اسکی رفتار 300000000 میٹر پر سکینڈ ہوتی ہے اور آواز کی رفتار سے زیادہ تیز ہوتی ہے۔

طیب سلیم

انمول موتی

☆ اکھٹے رہو مگر فاصلہ رکھو کیونکہ قلعے کے ستونوں کے درمیان فاصلہ ہی تو ہے جو اسے مضبوطی سے کھڑا رکھتا ہے۔

☆ جس نے ظالم کی مدد کی اس نے اللہ کے عضاب کو پکارا۔

☆ انا پرستی بذات خود اچھی چیز ہے لیکن اگر نقصان پہنچائے تو اس سے بڑا کوئی نہیں۔

☆ معافی مانگ لینے میں بھلائی ہے۔

☆ مظلوم کا ہر آنسو ظالم کے لئے بد دعا بن جاتا ہے۔

☆ جاہل کے لئے سب سے اچھی بات اُس کی خاموشی ہے۔

☆ کسی غریب کا مذاق مت اُڑاؤ ورنہ خود مذاق بن جاؤ گے۔

☆ خوبی وہ ہے جس کا اعتراف دشمن بھی کریں۔

☆ جن لوگوں کے خیالات اچھے ہوں وہ کبھی تنہا نہیں ہوتے۔

☆ جہاں سے بھی گزرو پھول اُگاتے جاؤ تاکہ واپسی پر تمہیں باغ ملے۔

☆ طنز وہ آئینہ ہے جس میں اپنے سوا سب کو شفاف نظر آتا ہے۔

پہلیاں

☆ چار انگلیاں اور ایک انگوٹھا مگر نہیں ہے کسی کا ہاتھ۔ (دستان)

☆ پر لگا کر اُڑے مگر پر نہیں ہیں۔ (وقت)

☆ وہ کون سی جگہ ہے جہاں معلومات کا خزانہ ہوتا ہے۔ (لائبریری)

☆ وہ مچھلی کی کون سی حالت ہے جس میں مچھلی پانی میں تیر نہیں سکتی۔ (مری ہوئی مچھلی)

☆ وہ کیا ہے جو آپ آگے کی طرف اُٹھاتے ہیں اور وہ پیچھے رہ جاتا ہے۔ (قدم)

☆ پانی سب کیلیے زندگی ہے اور میرے لئے موت ہے۔ (آگ)

☆ میں نہ دیکھ سکتا ہوں اور نہ بول سکتا ہوں پر ہمیشہ سچ کہتا ہوں۔ (آئینہ)

☆ آندھی آئے یا طوفان پر یہ دیا کبھی نہ بجھ پائے۔ (چاند)

☆ تازہ ہے تو پھل ہے سوکھ جائے تو میوہ ہے۔ (آنگور)

☆ پھولوں میں پھول، پھلوں میں جامن کیا چیز ہے جو ہے حلوائی کی دُکان پر۔ (گلاب جامن)

☆ سات رنگوں سے بنتی ہے بارش اور سورج سے نکلتی ہے۔ (قوس قزح، دھنک)

☆ کوئی اگر آگ لگائے تو خود اُس میں جلتا جائے۔ (حسد)

☆ رفتار ہے اسکی گفتار اور جلتا جائے اور سب کچھ کہتا جائے۔ (قلم)

سعد سلیم۔ گلبرگ

عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا عدل

بسم اللہ الرحمان الرحیم

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ ایک روز ایک محلے سے گزر رہے تھے تو آپ نے ایک بوڑھے نابینا شخص کو بھیک مانگتے ہوئے دیکھا۔ آپ نے اسے بازو سے پکڑا اور پوچھا: تم کس مذہب سے تعلق رکھتے ہو؟ اس نے جواب دیا: یہودی ہوں۔ آپ نے پوچھا تم بھیک کیوں مانگ رہے ہو؟ یہودی بولا: بوڑھے کا کمانے والا کوئی نہیں، اپنی روزی روٹی اور جزیے (حکومتی ٹیکس) کی رقم پوری کرنے کے لیے بھیک مانگ رہا ہوں۔ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ یہ سن کر اس بوڑھے یہودی کو گھر لے گئے اور اسے کچھ مال عطا کر کے رخصت کیا۔ پھر بیت المال کے خزانچی کو بلا کر حکم دیا کہ اس جیسے تمام بوڑھوں اور ناداروں کا وظیفہ مقرر کر دو۔ اللہ کی قسم! ہم نے اس بوڑھے کے ساتھ انصاف نہیں کیا، ہم نے اس کی جوانی میں اس سے ٹیکس وصول کیا اور اس کے بڑھاپے میں اسے بے یار و مددگار چھوڑ دیا۔

(کتاب الخراج لابی یوسف: ص136، الاموال لابن زنجویہ: 1/162-163)

افشین عمران / نوشین / فضیلہ فیصل

روزہ مخفی عبادت ہے

روزے کے سوا دوسری جتنی عبادتیں ہیں وہ کسی نہ کسی ظاہری حرکت سے ادا کی جاتی ہیں۔ مثلاً نماز میں آدمی اٹھتا اور بیٹھتا اور رکوع اور سجدہ کرتا ہے جس کو ہر شخص دیکھ سکتا ہے۔ حج میں ایک لمبا سفر کر کے جاتا ہے اور پھر ہزاروں لاکھوں آدمیوں کے ساتھ سفر کرتا ہے۔ زکوٰۃ بھی کم از کم ایک شخص دیتا ہے اور دوسرا شخص لیتا ہے۔ ان سب عبادتوں کا حال چھپ نہیں سکتا۔ اگر آپ ادا کرتے ہیں تب بھی دوسروں کو معلوم ہو جاتا ہے، اگر ادا نہیں کرتے تب بھی لوگوں کو خبر ہو ہی جاتی ہے۔ اس کے برخلاف روزہ ایسی عبادت ہے جس کا حال خدا اور بندے کے سوا کسی دوسرے پر نہیں کھل سکتا۔ ایک شخص سب کے سامنے سحری کھائے اور افطار کے وقت تک ظاہر میں کچھ نہ کھائے پیئے، مگر چھپ کر پانی پی جائے، یا کچھ چوری چھپے کھا پی لے، تو خدا کے سوا کسی کو بھی اس کی خبر نہیں ہو سکتی۔ ساری دنیا یہی سمجھتی رہے گی کہ وہ روزے سے ہے اور وہ حقیقت میں روزے سے نہ ہو گا۔

ثناء نبیل

Facebook ID: Jamiat_hakimaan_delhi_welfar_org@yahoo.com

CamScanner

انسان کا قیمتی سرمایہ "وقت"

وقت کی قدر کرو، وقت بیش بہا دولت ہے، گیا وقت ہاتھ نہیں آتا، جو وقت کی قدر و قیمت نہیں جانتا وہ بہت بڑے گھاٹے میں ہے۔ یہ وقت طلوعاً و کرہاً گزرتا ہی جارہا ہے۔ گھڑی کی ایجاد سے وقت کا پیمانہ اور آسان ہوگیا۔ سیکنڈ، منٹ میں، منٹ گھنٹے میں اور گھنٹے شب وروز، ہفتوں، مہینوں اور سالوں میں بدلتے ہیں۔ فی زمانہ ٹِک ٹِک کرتی گھڑیاں اور گھڑیال تو ایکطرف اسکے فون، کمپیوٹر، ٹی وی، اور تمام بجلی کے آلات پر لحہ لحہ ڈیجیٹل وقت بنانے کا انتظام ہے۔

قرآن پاک میں سورۃ العصر میں اللہ تعالیٰ نے زمانے اور وقت کی قسم کھائی ہے "زمانے کی قسم، بے شک انسان خسارے میں ہے مگر وہ جو ایمان لے آئے اور نیک اعمال کئے اور ایک دوسرے کو حق اور صبر کی تلقین کرتے رہے"۔

بطور ایک مسلمان ہمیں اپنے اوقات کو صحیح اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے مطابق استعمال کر کے آخرت میں سرخروئی کی جدوجہد کرنی ہے۔

سورۃ البقیرہ آیت نمبر (201) میں ارشاد ربانی ہے۔

"اے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر اور آگ کے عذاب سے بچا"

گویا ایک مسلمان کا مقصد دنیا اور آخرت دونوں کی کامیابی ہے۔ روزِ آخرت اللہ تعالیٰ بندے سے جو سوال کرے گا اس میں یہ سوال بھی ہوگا کہ "عمر کیسے گزاری" گویا وقت کے بارے میں سوال کیا جارہا ہے اور بندہ جب تک اس کا صحیح جواب نہ دیگا اس وقت تک آگے نہ بڑھ سکے گا۔

ہمیں بطور مومن اللہ تعالیٰ کے حضور جوابدہی کے احساس سے پوری طرح باخبر ہونا چاہیے" 2 " لکھنے والے کراماً کاتبین ہر لحہ ہمارا حساب کتاب درج کرنے میں مصروف ہیں۔ ہمارے دین میں بتایا گیا ہے کہ "جوانی کو غنیمت جانو بڑھاپے سے پہلے اور صحت کو غنیمت جانو بیماری سے پہلے" وقت میں غفلت اور لاپرواہی کی اہم وجہ ہماری طبیعت کی سستی اور لاپرواہی ہے۔ آج کا کام کل پر ڈالنے کی عادت ہے۔ اس عادت کو انگریزی میں Procrastination کہتے ہیں۔ اس خامی کو دور کرنا اشد ضروری ہے۔ جس کام کو مقررہ وقت اور مدت میں کیا جائے اس میں اتنی ہی خیر و برکت ہوتی ہے۔ جب ہم ترقی یافتہ اقوام پر نظر ڈالتے ہیں تو انکے معمولات میں پابندی وقت کا عنصر یت نمایاں نظر آتا ہے۔ جبکہ ہم لوگ خاص طور سے برصغیر سے تعلق رکھنے والے وقت کو ہرگز اہمیت نہیں دیتے وقت کی برق رفتاری انسان اور انسانی زندگی کی بے ثباتی کو عیاں کرتی ہے۔ کیونکہ ہر گزرتا لحہ ہمیں اپنے انجام سے نزدیک تر کر دیتا ہے۔ وقت ہر کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

کہہ رہا ہے بہتا، دریا وقت کا
قیمتی ہے لحہ لحہ وقت کا
اہل اہمیت اپنی منزل پائیں گے
جو ہیں کاہل وہ پیچھے رہ جائیں گے
وقت کے جو ساتھ چلتے رہیں
کامیاب و کامران وہ ہوگئے
وقت کا پنچھی وہ رکتا نہیں
وقت کا پرچم کبھی جھکتا نہیں
وقت بن جاتا ہے اس کا رہنما
میں بھی آخر میں یہ ہی کہوں گی کہ" جو وقت کو ضایع کرتا ہے وقت اس کو ضایع کر دیتا ہے"۔

آمنہ سراج
نارتھ ناظم آباد بلاک D

Facebook ID: Jamiat_hakimaan_delhi_welfar_org@yahoo.com

چٹ پٹی شاعری

محمد واصف
انڈہ موڑ

اگر پرچہ ہوا انگلش کا کرونگا حل میں اردو میں
اگر ہو آج کرنا تو کرونگا کل میں اردو میں

کہونگا میں یہ میڈم سے ذرا سی HELP کر دینا
پڑھا تھا جو بھی انگلش میں ہوا ہے یاد اردو میں

سبق راتوں کو رٹ رٹ کے جو بھیجے میں بٹھایا تھا
بھلایا اس طرح میں نے کہ نہ تھا یاد اردو میں

ہوئی نہ کامیابی تو کرونگا سامنا کیسے
خدارا پاس کر دینا میری فریاد اردو میں

نقل کرنے کی کوشش میں ملی ہے یہ سزا مجھ کو
مکمل فیل ہونے پر میں ہوں ناشاد اردو میں

ہوئے امی ابو بھی بہت زیادہ خفا مجھ سے
بہت انگلش میں ڈانٹا ہے مگر مارا ہے اردو میں

اچھی بات

بشریٰ فاضل (انڈہ موڑ)

پیسہ: کہتا ہے مجھے حاصل کرو اور سب بھول جاؤ۔
وقت: کہتا ہے میرے پیچھے چلو باقی سب بھول جاؤ۔
مستقبل: کہتا ہے میرے لئے کوشش کرو اور سب کو بھلا دو۔
اللہ: صرف اتنا کہتا ہے مجھے صرف یاد کرو میں یہ سب تمہارے قدموں میں ڈال دونگا۔